© rasailojaraid.com



## تعارف وتبصرہ

مدیر کے قلم سے

# فضائل علم وعلماء

از ڈاکٹر محمد اسماعیل میمن مدنی

صفحات : ۲۱۳

کتابت وطباعت معیاری

خوبصورت مضبوط جلد

قیمت درج نہیں

ناشر: مکتبہ مدینہ ۱۷۔ اردو بازار لاہور

موجودہ دور میں علم دین سے عام مسلمانوں کی بے اعتنائی کے نتیجہ میں جن قباحتوں نے جنم لیا ہے ان میں علمِ دین کی ضرورت واہمیت کے عدم احساس کے ساتھ ساتھ علماء کی بے قدری، علماء کی ایک بڑی تعداد میں پیدا ہو جانے والا احساسِ محرومی اور اپنے مقام اور ذمہ داریوں سے ان کی بے خبری بطور خاص قابلِ ذکر ہے حالانکہ علم ہی دین کی اساس ہے اور اس کے حامل علماء مسلمانوں کی اجتماعی زندگی کا محور ومرکز ہیں۔ علم دین کے حوالہ سے مسلم معاشرہ میں عام ہو جانے والی ان خرابیوں کی نشاندھی اور مسلمانوں کو ان سے آگاہ کرتے ہوئے ان کا علاج تجویز کرنا علم اور دین دونوں کی بڑی خدمت ہے۔

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد زکریا مہاجر مدنی قدس اللہ سرہ العزیز کے خلیفہ مجاز حضرت ڈاکٹر محمد اسماعیل میمن مدنی مدظلہ حال مقیم واٹرلو کینیڈا نے اسی موضوع پر قلم اٹھایا ہے اور علم وعلماء کے فضائل جمع کرنے کے علاوہ عام مسلمانوں کو علم حاصل کرنے کی طرف توجہ دلائی اور علماء کو ان کے مقام اور ذمہ داریوں سے آگاہ کیا ہے۔ یہ ایک مفید سعی ہے جس سے علماء اور عوام دونوں کو استفادہ کرنا چاہیے۔

© rasailojaraid.com